© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**تبلیغی جماعت کا تاریخی جائزہ** | مرتبہ جناب محمد ایوب قادری۔ شائع کردہ مکتبہ معاویہ لیاقت آباد کراچی صفحات ۱۵۲۔ قیمت ۳ روپے۔ طباعت کتابت عمدہ۔

تبلیغی جماعت نے عوام کے اندر دینی جذبہ پیدا کرنے اور ان کے عقیدہ و ایمان کی درستی کے لیے جو کام کیا ہے، اُس کے طریقِ کار سے تو اختلاف کیا جا سکتا ہے مگر اس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

زیرِ نظر کتاب میں ملک کے معروف مصنف نے برصغیر میں مسلمانوں کی آمد کے وقت اور بعد کے ادوار میں اشاعتِ اسلام کا جو کام ہوا اس کا مختصر جائزہ پیش کیا ہے اور قریبی زمانہ میں عیسائیت اور آریہ سماج کی تحریکوں کے رد میں علمائے اسلام کی مساعی پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ آخر میں ذرا تفصیل سے میوات میں تبلیغی جماعت کے ابتدائی کام اور مولانا محمد الیاسؒ اور مولانا محمد یوسفؒ کی ہند و پاک اور بیرونِ ملک میں تبلیغی خدمات کو پیش کیا ہے۔

خدمتِ دین بجا لانے والوں کے کام کا تاریخی جائزہ اس لحاظ سے نہایت مفید کاوش ہے کہ بعد میں آنے والے اس سے جذبہ اور رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

---

(بقیہ: رسائل و مسائل)

نے عالمِ طبیعیات میں جو مختلف قوتیں پیدا کر رکھی ہیں اُن سے استفادہ کرنے کے لیے تجربات کرتا رہتا ہے لہٰذا یہ تسخیر نہیں بلکہ محض اکتشاف (EXPLORATION) یا دریافت (DISCOVERY) ہے۔ جس ذاتِ باری نے کائنات کی تخلیق کی ہے۔ اسی ذات نے اپنے قوانین سے اس کی تسخیر بھی کر رکھی ہے تاکہ ہم اس کی گوناگوں نعمتوں سے استفادہ کر سکیں۔

© rasailojaraid.com